4۔ کپاس کے پودے میں اجزائے خوراکی کی کمی کی علامات — 9
سیف اللہ خان، ڈاکٹر محمد نواز اعوان

5۔ کپاس کے پیداواری مسائل اور اُن کے ممکنہ حل کی تجاویز — 11
ساجد محمود، سی سی آر آئی، ملتان۔

6۔ پی سی سی سی کی زرعی تحقیقی کمیٹی کے اجلاس کا احوال — 14
ساجد محمود، سی سی آر آئی، ملتان۔

سرپرست
ڈاکٹر خالد عبداللہ

مدیر اعلیٰ
ڈاکٹر زاہد محمود

مدیر
عبدالطیف شیخ

مدیران
ڈاکٹر نوید افضل
ڈاکٹر محمد ادریس خان
ڈاکٹر فیاض احمد
مسز صباحت حسین
ڈاکٹر رابعہ سعید
محمد الیاس سرور
ساجد محمود

رابطہ کار
زاہد خان

سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، پرانا شجاع آباد روڈ، ملتان۔ پاکستان

+92 61 920 0340 | www.ccri.gov.pk | ccri.multan@yahoo.com

اِداریہ

کپاس کی 15 ملین گانٹھوں کا ھدف قابل حصول یا خواہش

کپاس کی فصل پاکستان کی معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ کپاس کی اشیاء کی برآمد سے کثیر زرمبادلہ کمایا جاتا ہے۔اس فصل کی کاشت سے لے کر کپڑا، دھاگہ بنانے کے عمل میں لاتعداد محکمے اور صنعتی وزرعی شعبہ جات شامل ہیں۔اس کے علاوہ اس فصل سے منسلک لاکھوں لوگوں کا روزگار بھی منسلک ہے۔جس میں خواتین بھی شامل ہیں جو کپاس کی بجائی سے چنائی کے عمل تک بھرپور حصہ لیکر روزگار کماتی ہیں۔اور دھاگہ اور کپڑا بنانے والی فیکٹریوں میں بھی خواتین کی بڑی تعداد برسرروزگار ہیں۔

کپاس کی فصل کو اس دھائی (2019-2010) کے درمیان کئی مسائل کا سامنا رہا ہے۔جس میں سب سے زیادہ موسمیاتی تبدیلی کا اثر پڑا ہے۔سال 2010 میں شدید بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے مجموعی طور پر 3 ملین گانٹھوں کا نقصان ہوا۔اسی طرح ہر سال بتدریج شدید بارشوں کی وجہ سے پنجاب اور سندھ کے صوبوں میں کپاس کی فصل بری طرح متاثر رہی اور ملکی معیشت کو اربوں کا نقصان ہوا۔سال 2005 میں صوبہ پنجاب میں گلابی سنڈی کا شدید حملہ ہوا۔جسکی وجہ سے صوبہ میں کپاس کی پیداوار تقریبا 30 فیصد کم ہوگئی۔تاہم تحقیقی وتوسیع اداورں اور پیسٹی سائیڈ کمپنیوں کی مشترکہ محنت کی وجہ سے اس کیڑے پر اگلے سالوں میں موئثر کنٹرول کیا گیا۔اسی طرح سال2019-2017 کے درمیان کم بارشوں اور پانی کی شدید کمی نے بھی فصل کو شدید متاثر کیا۔خاص طور پر پنجاب اور سندھ میں کپاس کی بجائی کے موقعہ پر پانی کی کمی سے بجائی پوری طرح نہ ہوسکی جس سے ملکی سطح پر کپاس کی کاشت کا رقبہ کم ہوا۔

کپاس کی کاشت کا رقبہ کم ہونے کی ایک بڑی وجہ کاشتکاورں کو فصل کی کم قیمت ملنا بھی ہے۔جبکہ زرعی مداخل کے آے روز قیمتوں کے بڑھنے سے کپاس کی کاشت کا خرچہ ناقابل برداشت حد تک بڑھتا رہا ہے۔اس عرصے کے دوران کپاس کے کاشتکاروں کو فصل کا معاوضہ بین الاقوامی مارکیٹ سے بھی 1500-1000 روپے کم ملتا رہا ہے۔جس کی وجہ سے کپاس کاشت کرنے کسانوں نے دوسری فصلوں کو اگانے کو ترجیح دی ہے جن میں گنا، چاول اور مکئی کی فصل شامل ہیں۔

وزیراعظم پاکستان کی طرف سے کپاس کی پیداوار کا ہدف 15 ملین گانٹھیں مقرر کیا گیا ہے۔یہ ہدف حاصل کرنا ناممکن نہیں۔کیونکہ اس سے پہلے بھی ملکی پیداورار 13.5 - 14.6 ملین گانٹھیں حاصل کی جا چکی ہیں۔اس ہدف کے حصول کے لیے نہ صرف کپاس کی امدادی قیمت کا اعلان کرنا ضروری ہے بلکہ کپاس کی کاشت کا رقبہ بڑھانے کی حکمت عملی بھی کرنا ہوگی۔صوبہ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں موجود وسیع قابل کاشت رقبہ کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لیے استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ خالص بیج، کھاد اور زرعی زہروں کی کم قیمت اور بروقت دستیابی بھی یقینی بنانی ہوگی۔اور محکمہ زراعت توسیع کپاس کے کاشتکاورں کی عملی تربیت اور بروقت رہنمائی بھی کرے۔اس پیداوری ہدف کے حصول کے لیے سب اداورں بشمول کپاس کے تحقیقی وتوسیع، کھاد وپیسٹی سائیڈ کمپنیوں، ٹیکسٹائل انڈسٹری اور دیگر حکومتی اداروں کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت آپسی تعاون کے ذریعے کپاس کی پیداوار بڑھانے میں اپنا اپنا مثبت کردار ادا کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ کپاس کی پیداوار نہ بڑھائی جاسکے۔

کپاس کی پیداواری حکمت عملی 2019

ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر، سی سی آر آئی، ملتان

کپاس کی فصل پاکستان کی معیشت اور کاشتکاروں کی خوشحالی میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ اللہ تعالی کے فضل وکرم سے پاکستان دنیا میں کپاس کی پیداوار کے لحاظ سے چوتھے، روئی کی کھپت، دھاگے اور کپڑے کی صنعت میں تیسرے، دھاگے اور کپڑے کی برآمدات میں بلترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہے۔ اس فصل کی بدولت ملک کی ٹیکسٹائل انڈسٹری، روئی بیلنے، تیل نکالنے اور گھی بنانے کے کارخانے رواں دواں ہیں۔ ملکی برآمدات میں روئی اور اس کی مصنوعات کا 65 فیصد کے قریب حصہ ہے۔ جس سے ملک کو کثیر زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق تقریبا 60 فیصد ملکی آبادی کپاس کی فصل کی کاشت، برداشت اور اس کی مصنوعات کی تیاری اور برآمدات میں بلواسطہ یا بلا واسطہ منسلک ہے۔ کپاس کی فصل کو پچھلے کئی سالوں سے مختلف پیداواری مسائل کا سامنا ہے۔ جن میں ماحولیاتی تبدیلی، زیادہ بارشوں، بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، پانی کی کمی، مہنگی زرعی ادویات، تصدیق شدہ بیج کی فراہمی اور کپاس کی فصل کی کم قیمت وغیرہ شامل ہیں۔

حکومت کپاس کی فصل کی پیداوار بڑھانے کے لیے خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے۔ کسانوں کو بجلی اور کھادوں پر سبسڈی، سیلز ٹیکس میں چھوٹ، کپاس کی تحقیق و ترویج پر سرمایہ کی فراہمی، اور کسانوں کو رعایتی قیمت پر بیج کی فراہمی، کے ساتھ ساتھ ان کی عملی تربیت کے بھی پروگرامز شامل ہیں۔ کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لیے کسانوں کو درج ذیل اقدامات کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کر سکیں۔

موزوں زمین اور اس کی تیاری: کپاس کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے ایسی زرخیز میرا زمین بہتر رہتی ہے جو تیاری کے بعد بھربھری اور دانے دار ہو جائے۔ اس میں نامیاتی مادہ کی مقدار بہتر ہو، پانی زیدہ جذب کرنے اور دیر تک وتر قائم رکھنے کی صلاحیت بھی موجود ہو۔ زمین کی نچلی سطح سخت نہ ہو تاکہ پودے کی جڑوں کو نیچے اور اطراف میں پھیلنے میں دشواری نہ آئے۔ زمین کی اچھی تیاری کے لئے اگہرا ہل چلائیں اور زمین کی ہمواری بذریعہ لیزر لیولر کریں تاکہ پودے کی جڑیں ااسانی سے تہرائی تک جا سکیں اور وتر دیر تک قائم رہے۔ پچھلی فصلات کی باقیات کو جلانے کی بجائے انہیں اچھی طرح زمین میں ملانا چاہیے۔ اس مقصد کے لئے روٹاویٹر، ڈسک ہیرو یا مٹی پلٹنے والا ہل استعمال کریں تاکہ بوائی میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ سبز کھاد کے طور پر استعمال ہونے والی فصلات کو 30 دن پہلے وتر زمین میں دبا دیا جائے۔ گلنے کے عمل کو تیز کرنے کے لئے فصل کو زمین میں دباتے وقت 1/2 بوری یوریا فی ایکڑ ڈالیں۔

بی ٹی اقسام اور موزوں وقت کاشت: کپاس کا وقت کاشت گلابی سنڈی کے حملہ کے حوالہ سے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ بعض کاشتکار سبزیات کے بعد یا دوسری فصلات سے خالی ہونے والی زمین یا وائرس کے خطرے سے نمٹنے کی حکمت عملی کے تحت کپاس کی فصل کو جلدی کاشت کر رہے ہیں جس کی وجہ سے گلابی سنڈی اور رس چوسنے والے کیڑوں کا کپاس کی فصل پر حملہ میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ لہذا کپاس کی کاشت سفارش کردہ وقت پر کی جائے۔ بی ٹی اقسام کا انتخاب موزوں علاقے، دستیاب وسائل مقامی معلومات اور پچھلے سالوں کے تجربات کی روشنی میں کریں۔

پنجاب میں کپاس کی کاشت کے لئے علاقہ بندی

1- مرکزی علاقہ	ملتان، خانیوال، وہاڑی، لودھراں، بہاولنگر، بہاولپور، ڈی جی خان، راجن پور، مظفرگڑھ، لیہ، میانوالی اور رحیم یارخان کے اضلاع
2- ثانوی علاقہ	فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، بھکر، ساہیوال، قصور، اوکاڑہ اور پاکپتن کے اضلاع

سی سی آر آئی، ملتان کی منظور شدہ بی ٹی اقسام کی کاشت کے لیے موزوں علاقہ جات اور وقت کاشت (یکم اپریل تا 31 مئی)

علاقہ	قسم کپاس
ملتان	BtCIM-600, BtCIM-598, BtCyto-178, BtCyto-179, BtCIM-632
خانیوال	BtCIM-600, BtCIM-598, BtCyto-178, BtCyto-179, BtCIM-632
وہاڑی	BtCIM-598, BtCyto-179, BtCIM-632
لودھراں	BtCIM-602, BtCyto-178, BtCyto-179, BtCIM-632
ڈی جی خان	BtCIM-602, BtCIM-598, BtCyto-179, BtCIM-632
مظفرگڑھ	BtCIM-598, BtCyto-179, BtCIM-632
لیہ	BtCyto-178, BtCyto-179, BtCIM-632
راجن پور	BtCIM-602, BtCIM-598, BtCIM-632
بہاولپور	BtCIM-600, BtCIM-602, BtCyto-178, BtCIM-632
رحیم یارخان	BtCIM-598, BtCyto-179, BtCIM-632
بہاولنگر	BtCyto-178, BtCyto-179, BtCIM-632
ساہیوال	BtCyto-178, BtCyto-179, BtCIM-632
فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ	BtCIM-598, BtCyto-179, BtCIM-632

بی ٹی کے ساتھ غیر بی ٹی اقسام کی موجودگی: بی ٹی اقسام کی کاشت کے ساتھ کھیت میں روایتی (غیر بی ٹی) اقسام کی موجودگی بھی ضروری ہے تاکہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوت مدافعت پیدا نہ ہو سکے اس لئے کاشتکاروں کو چاہیئے کہ کاشتہ کپاس کا 10 فیصد رقبہ لازمی طور پر روائتی اقسام پر مشتمل ہو۔ مزید یہ کہ اگر بی ٹی اقسام کے ساتھ روائتی اقسام کاشت کی گئی ہو تو ان پر کیڑے کا حملہ معاشی حد سے بڑھنے کی صورت میں کیڑے مار زہر سپرے کیا جائے۔

شرح بیج: کپاس کی کاشت کے لئے سفارش کردہ اقسام کا معیاری، تندرست، خالص اور بیماریوں سے پاک بیج استعمال کرنا چاہئے۔ تصدیق شدہ معیاری بیج پنجاب سیڈ کارپوریشن کے علاوہ رجسٹرڈ پرائیویٹ اداروں سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ: کھیلیوں پر کاشت کے لئے 6 تا 8 کلوگرام بیج فی ایکڑ (3 سے 4 بیج فی چوپا) استعمال کریں۔ ضرورت سے 10 فیصد زیدہ بیج کا انتظام کریں تاکہ اگر کسی وجہ سے دوبارہ بوائی کرنی پڑے تو بیج دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے مسلہ پیدا نہ ہو۔ پودوں کی پوری تعداد فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کی ضمانت ہے۔

پودوں کی تعداد: کپاس کی کاشت کے لئے پودوں کا باہمی فاصلہ درج ذیل گوشوارہ کے مطابق ہونا چاہئے۔

نوٹ: زمین کی زرخیزی، وقت کاشت، قسم، ثمردار شاخوں کی لمبائی اور غیر ثمردار شاخوں کی تعداد کے مطابق پودوں کا تعین محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے کریں۔

بیج کا اگاؤ معلوم کرنے کا طریقہ: اگاؤ پرکھنے کے لئے 400 بیج نمونے کو پانی میں چھ سات گھنٹے کے لئے بھگودیں اور دونم دار تولیوں میں سے ایک کو سایہ دار جگہ یا کمرے میں صاف جگہ پر بچھا دیں اب اس پر بھیگے ہوئے بیج کے سو سو دانے گن کر چار جگہوں پر علیحدہ علیحدہ بکھیر دیں اور دوسرے نمدار تولئے یا بوری سے اس بیج کو ڈھانپ دیں۔ دن میں دو تین دفعہ ڈھکے ہوئے بیج پر پانی چھڑکتے رہیں تاکہ بیج کو اگنے کے لئے نمی ملتی رہے۔ چار پانچ دن کے بعد اوپر والے تولئے یا بوری کو اٹھا کر ہر ڈھیری سے اگے ہوئے بیج گن لیں اور انکی اوسط نکال لیں۔ یہ بیج کا فیصد اگاؤ ہوگا۔

بیج کے بُر اتارنا: 10 کلوگرام بیج کی بُر اتارنے کے لئے ایک لیٹر گندھک کا تجارتی تیزاب کافی ہوتا ہے۔ کم درجہ حرارت پر بیج سے بُر اتارنے کے لئے تیزاب کی مقدار میں اضافہ کر کے ڈیڑھ لیٹر کر دیں۔ بیج پلاسٹک کے ٹب میں ڈال کر تیزاب کو آہستہ آہستہ بیج پر ڈالیں اور لکڑی کے پھاوڑے ہوئے چھاننے میں ڈال دیں۔ اس پر پانی گرائیں اور بیج کو اچھی طرح سے دھوئیں تاکہ بیج تیزاب سے پاک ہوجائے۔ دھوتے وقت ناپختہ، ناقص بیج پانی کی سطح پر تیرتا ہے۔ جبکہ پختہ اور توانا بیج پانی میں نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ نیچے بیٹھنے والے بیج کو دھوپ میں اچھی طرح خشک کر کے پٹ سن کی بوریوں یا کپڑے کے تھیلوں میں بھر کر خشک اور ہوادار گودام میں اس طرح رکھیں کہ ہوا کا گزر نچلی بوریوں کے نیچے بھی آسانی سے ہو۔ بیج کو کھلے فرش پر ہرگز سٹور نہ کریں۔ اس سے بیج کا اگاؤ متاثر ہوتا ہے۔ بیج کو سٹور کرنے کے لئے نائلون اور پلاسٹک کے تھیلے ہرگز استعمال نہ کریں۔ گلابی سنڈی سے متاثرہ جڑے ہوئے بیج چن کر ضائع کر دیں۔ بیج سے بُر اتارنے کے لئے مارکیٹ میں مخصوص مشینیں بھی دستیاب ہیں۔ اس سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

بیج کو زہر آلود کرنا: بوائی سے پہلے بیج کو سفارش کردہ کیڑے مار اور پھپھوندی کش زہر لگانا بہت ضروری ہے۔ جس سے فصل ابتداء میں تقریباً ایک ماہ تک رس چوسنے والے کیڑوں خاص طور پر سفید مکھی سے محفوظ رہتی ہے۔ فصل کی بڑھوتری بہتر ہوتی ہے۔ اور بیماری سے کم متاثر ہوتی ہے۔ (عملی تربیت کا بندوبست کریں)۔

طریقہ کاشت

1- پٹریوں پر کاشت

(i) مشینی کاشت: کھیت کا ہموار ہونا بہت ضروری ہے۔ مشین سے کاشت کے بعد کھیلیوں میں پانی کی سطح بیج سے دو انچ نیچے رکھیں۔ دوسرا پانی اگیتی کاشت کے لئے 5 تا 6 دن اور درمیانی کاشت کی صورت میں 3 تا 4 دن کے وقفہ سے لگائیں تا کہ بیج کا اگاؤ بہتر ہو۔

(ii) ہاتھ سے کاشت (چوپا): ہاتھ سے بیج لگانے کی صورت میں پہلے کھیلیوں میں 6 تا 7 انچ کی گہرائی تک پانی لگائیں۔ پانی لگانے کے فوراً بعد پانی کی سطح سے ایک انچ اوپر ہاتھ سے بیج لگائیں۔ اگر ناغے رہ جائیں تو دوسرے پانی کے وتر میں (سات دن کے اندر) پورے کریں۔

2- کاشت بذریعہ ڈرل: کپاس کی کاشت خریف ڈرل کے ساتھ قطاروں میں اڑھائی فٹ کے فاصلہ پر کریں اور بیج دو سے اڑھائی انچ کی گہرائی تک بوئیں۔ جب فصل کا قد ڈیڑھ سے دو فٹ ہو جائے تو پودوں کی ایک لائن چھوڑ کر دوسری لائن پر مٹی چڑھا کر پٹریاں بنا دیں۔ اس کے درج ذیل فوائد ہوتے ہیں۔

پٹریوں پر کاشت کے فوائد: جڑی بوٹیوں کا کنٹرول آسان ہوتا ہے۔ کم اور زیادہ پودوں والے دونوں پیداواری نظام کیلئے مناسب ہے۔ کھاد کا بہتر استعمال ہوتا ہے۔ زیادہ بارش کی صورت میں پانی کا بہتر نکاس ہوسکتا ہے۔ ڈوڈیوں اور ٹینڈوں کے گرنے میں کمی ہوتی ہے۔ زیادہ پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ بیج کا اگاؤ اچھا اور پودوں کی پوری تعداد حاصل ہوتی ہے۔ روائتی کاشت کی نسبت پانی کی بچت ہوتی ہے۔ ہاتھ سے بیج لگانے کی صورت میں بیج کی بچت ہوتی ہے۔ بارش اور آبپاشی میں بھی سپرے کرنا آسان ہوتا ہے۔ فصل کی بڑھوتری مناسب ہوتی ہے۔ کلراٹھی زمینوں میں اگاؤ بہتر ہوتا ہے۔

ناغے پُر کرنا: کاشت کے بعد بیج عموماً 4 تا 5 دن میں اُگ آتے ہیں۔ اس کے بعد کھیت میں جہاں کہیں بھی ناغے نظر آئیں وہاں سے خشک مٹی ہٹا کر اور خالی جگہ گوڈ کر مناسب فاصلے پر 5-6 گھنٹے پانی میں بگھوئے ہوئے 4-5 بیج ڈال کر نمدار مٹی سے ڈھانپ دیں۔ اس طرح ناغے پُر ہو جائیں گے۔ کاشت کے دوران نالی بند ہو جانے سے اگر بیج زیادہ لمبے فاصلے پر نہ اگا ہو تو اسی وتر میں دوبارہ بوائی کے لئے ایک نالی والی ڈرل بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔ ناغے پر کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہیئے کیونکہ وتر کم ہو جانے پر بیج نہیں اگتے اور اگر پہلا پانی دینے کے بعد چوپے لگائیں تو پودوں کی مناسب بڑھوتری نہ ہونے کی وجہ سے پیداوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ زیادہ بہتر ہے کہ ناغے لگانے کے لئے فصل کے ساتھ ہی نرسری اگالیں اور ناغے پُر کرنے کے لئے یہ پودے وہاں منتقل کریں۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ یہ پودے فصل کے ہم عمر ہونے کی وجہ سے برابر نشوونما پائیں گے۔

چھدرائی: کپاس کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے قطاروں میں پودوں کا باہمی فاصلہ مناسب رکھنا بہت ضروری ہے تا کہ پودے جگہ کی مناسبت سے بڑھوتری کریں۔ فاصلہ چھدرائی کے ذریعے ضرورت سے زیادہ پودوں کو نکال کر ہی پورا کیا جا سکتا ہے۔ چھدرائی کا عمل بوائی سے 20-25 دن کے اندر یا پہلے پانی سے پہلے یا خشک گوڈی کے بعد ہر حالت میں ایک ہی دفعہ مکمل کیا جائے اور پودوں کی تعداد گوشوارہ نمبر 5 کے مطابق رکھی جائے۔ جن علاقوں میں وائرس کا حملہ شدید ہوتا ہے وہاں چھدرائی کا عمل پہلے پانی کے بعد کریں اور متاثرہ پودوں کو ممکن حد تک نکال دیں۔ اگر فصل چوپے لگا کر کاشت کی گئی ہے تو ہر سوراخ میں ایک صحت مند پودا چھوڑ کر باقی نکال دیں۔

کپاس کی بہتر پیداوار کے لیے متوازن کھادوں کا استعمال

ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر، سی سی آر آئی، ملتان

کپاس مختلف قسم کی زمینوں میں کاشت کی جاتی ہے۔ زمینیں اپنی ساخت، بافت اور زرخیزی کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ چنانچہ ہر زمین کی کھاد کی ضروریات بھی مختلف ہوتی ہیں۔اس کے علاوہ کپاس کی اقسام، کپاس کی بوائی کا وقت، پودوں کی تعداد اور موسمی کیفیات بھی کھاد کی ضروریات پر اثر انداز ہوتی ہیں۔لہٰذا کپاس کی کاشت سے پہلے زمین کا تجزیہ ضروری ہے۔زمین کے تجزیہ کو مدنظر رکھتے ہوئے کھادوں کا استعمال کیا جائے۔کپاس کے پودے کی نشوونما کے لئے 16 غذائی عناصر کی ضرورت ہے۔ان میں سے تین عناصر کاربن، ہائیڈروجن اور آکسیجن پودا ہوا اور پانی سے حاصل کرتا ہے جبکہ بقیہ 13 عناصر پودا جڑوں کے ذریعے زمین سے حاصل کرتا ہے۔ان میں سے نائٹروجن، فاسفورس، پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم اور سلفر کی پودوں کو زیادہ مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے یہ عناصر کبیر (Macro Nutrients) کہلاتے ہیں۔تاہم، کیلشیم، میگنیشیم اور سلفر کی کمی کے اثرات ابھی تک پاکستانی زمینوں میں ظاہر نہیں ہوئے ہیں۔کیونکہ یہ دوسری کھادوں کے ساتھ ثانوی اجزاء کی حیثیت سے حاصل ہو رہے ہیں۔ان کے علاوہ بوران، زنک، کاپر، آئرن، مینگنیز، مولیبڈینم اور کلورین کی کم مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔اس لئے یہ عناصر صغیر (Micro Nutrients) کہلاتے ہیں۔

زمین کی صحت اور غذائی عناصر کی پودوں کو فراہمی کے لئے ضروری ہے کہ زمین اچھی طرح ہموار کرنے کے لیے لیزر لینڈ لیولر (Laser Land Leveler) کا استعمال کریں اور کھادوں کا استعمال زمین کے تجزیے کے بعد شروع کریں۔اس کے علاوہ کھادوں کا استعمال پودوں کی چھدرائی کے بعد بذریعہ ڈرل یا فرٹیگیشن کے ذریعے شروع کریں۔

پاکستان کی زمینوں میں نامیاتی مادہ کی مقدار ایک فیصد سے بھی کم ہے، جس کی وجہ سے کھادوں کے استعمال کے خاطر خواہ فوائد حاصل نہیں ہو رہے ہیں۔

ایسی زمینوں میں کھادوں کا ضیاع بڑھ جاتا ہے۔اس لئے زمین کی زرخیزی اور کھادوں کی افادیت کو بڑھانے کے لئے کیمیائی کھادوں کے ساتھ ساتھ نامیاتی کھادوں کا استعمال بھی بہت ضروری ہے۔ مندرجہ بالا کیمیائی کھادوں کے علاوہ گلی سڑی گوبر کی کھاد، مرغیوں کی کھاد یا پریس مڈ (Pressmud) جو بھی مہیا ہو 12 سے 15 گڈے (12 سے 15 ٹن) فی ایکڑ ڈالنے سے زمین کی زرخیزی اور پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوسکتا ہے۔ان کے علاوہ سبز کھادوں کا استعمال بھی زمین میں نامیاتی مادے کی مقدار اور زمین کی زرخیزی بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔سبز کھاد کے لئے پھلی دار اجناس مثلاً جنتر، گوارہ، لوسرن اور برسیم وغیرہ کا استعمال بہتر ہے۔ جب پودوں کو پھول آنے لگیں تو اس وقت فصل کو زمین میں دبا دیا جائے۔ کیونکہ اس وقت پودوں کی نباتاتی بڑھوتری پوری ہونے سے زیادہ مقدار میں سبز کھاد حاصل ہوتی ہے۔مزید یہ کہ پودے نرم و نازک ہونے کی وجہ سے گلنے سڑنے میں زیادہ وقت نہیں لگتا۔زمین کی زرخیزی کو بڑھانے اور برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ نامیاتی یا سبز کھادوں کا استعمال کم از کم ہر تین سال بعد دہرایا جائے۔

نائٹروجن کھادوں کا استعمال: پاکستان کی زمینوں میں نائٹروجن کی بے حد کمی ہے۔اس لئے کپاس کی اچھی پیداوار کے حصول کے لئے نائٹروجنی کھادوں کا استعمال ناگزیر ہے۔کھاد کی مقدار کا انحصار زمین کی زرخیزی کو مدنظر رکھ کر کرنا چاہیئے۔کم زرخیز اور ریتلی زمین میں زیادہ کھاد ڈالنی چاہیئے،جبکہ زرخیز زمین میں نسبتاً کم کھاد کی ضرورت ہوتی ہے۔کپاس کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے اوسطاً 45 سے 60 کلوگرام نائٹروجن (98 سے 130 کلوگرام یوریا) فی ایکڑ ڈالنا ضروری ہے۔کھاد ڈالنے کے وقت کا تعین قسم زمین، قسم کپاس، طریقہ بجائی اور بجائی کے وقت کو مدنظر رکھ کر کرنا چاہیئے۔نائٹروجن کھاد کی سفارش کردہ مقدار تین برابر حصوں میں تقسیم کر کے ڈالنی چاہیئے۔ہموار بجائی والی کپاس میں کھاد بجائی کے بعد پہلے پانی پر، پھول آنے پر اور ٹینڈے بننے پر ڈالنی چاہیئے۔یاد رہے کہ ٹینڈے بنتے وقت فصل کو نائٹروجن کھاد ضرور ڈالنی چاہیئے کیونکہ اس وقت پودے کو کھاد کی اشد ضرورت ہوتی ہے اگر کپاس کھیلیوں پر کاشت کی گئی ہو تو بجائی کے 25 سے 30 دن بعد یعنی ڈوڈی بننے پر کھاد کا پہلا حصہ ڈال دیں اور بقیہ کھاد پھول آنے پر اور ٹینڈے بنتے وقت ڈال دیں۔تمام کھاد 15 اگست سے پہلے پہلے مکمل کر لینی چاہیئے۔ریتلی زمین اور کم زرخیز زمین میں کھاد کا پہلا حصہ بجائی کے وقت ڈالنا چاہیئے اور بقیہ کھاد پھول آنے پر اور ٹینڈے بنتے وقت ڈالنی چاہیئے۔دیر سے کاشت کی گئی کپاس کو بجائی کے وقت کھاد کا ایک حصہ ڈال دیا جائے تا کہ پودے کے قد میں مناسب اضافہ ہو سکے اور بقیہ کھاد پھول آنے پر اور ٹینڈے بنتے وقت ڈال دیں۔تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ صرف نائٹروجن کھاد ڈالنے سے پیداوار میں 30 سے 35 فیصد تک اضافہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔کھاد کو چھٹہ کر کے پانی لگا دیں یا بذریعہ ڈرل ڈال کر پانی لگا دیں۔بہتر طریقہ یہ ہے کہ کھاد کو وتر پر بذریعہ مشین (گوڈی والا ہل) ڈالیں۔مشین نہ ہونے کی صورت میں کھاد کا وتر پر چھٹہ کر کے گوڈی کر دیں تا کہ کھاد زمین میں اچھی طرح مل جائے۔چھٹہ فصل پر شبنم خشک ہونے پر کریں۔نائٹروجن کھاد بذریعہ آبپاشی استعمال نہ کریں،اس سے کھاد کی افادیت کم ہو جاتی ہے۔اگر دوران فصل کپاس کے کھیت میں پیلا پن نظر آئے تو بذریعہ سپرے نائٹروجن کھاد ڈالنے سے اس کمی کو پورا کیا جا سکتا ہے۔اس کے لئے یوریا کھاد 4 کلوگرام فی ایکڑ 100 لٹر پانی میں حل کر کے سپرے کریں۔اس کو کیڑے مار زہر کے ساتھ نہ ملائیں۔

فاسفورس کی کھادوں کا استعمال: پاکستان کی زمینوں میں فاسفورس کی عام طور پر کمی ہے۔اگرچہ کپاس کی فصل میں فاسفورس کھادوں کے اثرات نمایاں نظر نہیں آتے تاہم کم زرخیز اور ریتلی زمینوں میں 23 کلوگرام فاسفورس (P_2O_5) یعنی 50 کلوگرام ڈی اے پی یا ٹی ایس پی فی ایکڑ بوقت بوائی یا پہلے پانی پر ڈالنے سے پیداوار میں 10 فیصد تک اضافہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔اس کے علاوہ اگر کپاس پھل دار اجناس، تیل دار اجناس یا خالی زمین میں بوئی جائے تو مذکورہ بالا کھاد کی مقدار ڈالنے سے پیداوار میں اضافہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

پوٹاش کی کھادوں کا استعمال: پاکستان کی زمینوں میں پوٹاش کی مقدار کپاس کی بھرپور فصل حاصل کرنے کے لئے کافی ہے۔تاہم ریتلی اور ٹیوب ویل سے آبپاشی ہونے والی زمین میں 25 کلوگرام پوٹاشیم (50 کلوگرام پوٹاشیم سلفیٹ) فی ایکڑ بوقت بوائی ڈالنے سے کپاس کی کوالٹی اور پیداوار میں 15 تا 20 فیصد اضافہ ممکن ہے۔

اجزائے صغیرہ: پاکستان کی زمینوں میں عمومی طور پر اجزائے صغیرہ کی کمی پائی جاتی ہے۔پاکستانی زمینوں کی بافت (pH) 7.5 سے زیادہ ہے۔جس کی وجہ سے فصل کو اجزائے صغیرہ کی دستیابی کم ہوتی ہے، خاص کر زنک اور بوران۔تجربات سے پتہ چلا ہے کہ اگر 10 کلوگرام زنک سلفیٹ (21 فیصد زنک) اور 5.5 کلوگرام بوریکس فی ایکڑ بوائی کے وقت ڈال دیا جائے تو کپاس کی پیداوار میں 10 فیصد تک اضافہ ممکن ہو سکتا ہے۔زنک اور بوران والی کھادوں کو ڈالنے سے پہلے مناسب مقدار میں مٹی ملا لی جائے تو کھیت میں چھٹہ کرنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔اگر کسی وجہ سے بوائی کے وقت مذکورہ بالا کھادیں استعمال نہ کی جا سکیں تو فصل کی بجائی کے 45، 60 اور 90 دن بعد کپاس پر 3 مرتبہ بوران (0.1 فیصد) اور زنک (0.2 فیصد) کے محلول کا سپرے کریں۔محلول بنانے کے لئے 600 گرام بورک ایسڈ اور 1000 گرام زنک سلفیٹ 100 لیٹر پانی میں اچھی طرح حل کر لیں اور 50 گرام سرف یعنی کپڑے دھونے کا پوڈر بھی اس میں حل کر کے فصل پر اچھی طرح سپرے کریں۔

کپاس کے پودے میں اجزائے خوراکی کی کمی کی علامات

سیف اللہ خان، ڈاکٹر محمد نواز اعوان

کپاس کے پودے کے اجزائے خوراکی کی فراہمی میں اگر کمی ہوجائے تو پودا اس کمی کو ظاہر کر دیتا ہے۔ پودے کو بغور دیکھا جائے تو اس میں جس غذائی عنصر کی کمی ہوا سے اس کی ظاہری حالت سے معلوم کیا جاسکتا ہے اور بروقت اس کمی کو دور کرنے کا انتظام کیا جاسکتا ہے۔ کاشتکار بھائیوں کی رہنمائی کے لئے اہم اجزائے خوراک کی کمی سے پیدا ہونے والی علامات ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

1۔ نائٹروجن:

اس کی کمی سے پرانے پتے ہلکے سبز رنگ سے زردی مائل رنگت اختیار کر لیتے ہیں۔ ان کی بڑھوتری کم ہوتی ہے آخر کار خشک ہوکر زمین پر گر پڑتے ہیں۔ پتوں کی مجموعی تعداد کم ہوجاتی ہے اور ان کی جسامت میں بھی کمی واقع ہوجاتی ہے بعد میں ٹینڈے بھی جھڑنے لگتے ہیں۔ ٹینڈے تڑک کا شکار ہوتے ہیں۔ ٹینڈوں کی کم تعداد سے پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے۔ اس کی کمی کو نائٹروجنی کیمیاوی کھاد دے کر پورا کیا جاسکتا ہے۔ زیادہ نائٹروجن ملنے کی صورت میں پودے کی بڑھوتری وسیع اور زیادہ دیر تک جاری رہتی ہے اور فصل دیر سے تیار ہوتی ہے۔ ایسی فصل میں روشنی اور ہوا کا گزر نہیں ہوتا۔ کیڑے اور بیماریوں کا حملہ بڑھ جاتا ہے۔ ریشے کی توانائی بھی متاثر ہوتی ہے۔

2۔ فاسفورس:

اس کی کمی کو پودے اپنے گہرے سبز رنگ سے ظاہر کرتے ہیں۔ تنا سخت ہوتا ہے۔ پودوں اور پتوں کا قد چھوٹا رہ جاتا ہے اور جھڑنے والے ٹینڈوں کی تعداد میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ فصل پر پھول اور پھل دیر سے آتے ہیں اور فصل دیر سے تیار ہوتی ہے۔ اس کی کمی کو فاسفورس والی کھاد دینے سے پورا کیا جاسکتا ہے۔ فاسفورس کھاد سے جڑوں کی نشوونما تیزی سے ہونے لگتی ہے اور بعد ازاں فصل کی پختگی بھی جلد ہوجاتی ہے۔ ٹینڈے کے اندر بیج کی جسامت بڑھ جاتی ہے اور روئی کا وزن بھی زیادہ ہوجاتا ہے۔

3۔ پوٹاش:

اگر اس کی کمی ہو تو پودے کے نچلے پتے سوکھ کر وقت سے پہلے جھڑ جاتے ہیں۔ پتوں کی نوک اور کناروں پر چھوٹے بھورے دھبے پڑ جاتے ہیں ایسے پتوں کے کنارے خشک ہوکر اندر کی طرف مڑ جاتے ہیں۔ پتوں کی رگوں کے درمیان پیلے سفید داغ نظر آنے لگتے ہیں اور بعد میں داغ والی جگہ سوکھ جاتی ہے۔ پتوں کا پیلے، چتکبرے رنگ کا ہونا اور بعد میں سرخی مائل رنگت اختیار کر لینا اس کی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کی کمی پوٹاشیم سلفیٹ ڈالنے سے دور کیا جاسکتا ہے۔ پوٹاش کے استعمال سے بیج یکساں طور پر پکتے ہیں۔ ٹینڈے میں تڑک نہیں آتی اور کپاس کے ریشے کی کوالٹی عمدہ ہوجاتی ہے۔ اس کے استعمال سے پودوں کے اندر بیماریوں اور کیڑوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھ جاتی ہے اور کورے سے نقصان بھی کم ہوتا ہے۔

4۔ **میگنیشیم:** اگر اس کی کمی واقع ہو جائے تو نچلے پتے پہلے کانسی مائل رنگت اختیار کرتے ہیں جو بعد میں سرخی مائل ہو جاتے ہیں۔ پتوں کے کنارے نیچے کی طرف مڑ جاتے ہیں۔ جس سے پتے پیالی نما شکل اختیار کر لیتے ہیں اور بالآخر گر پڑتے ہیں۔ ان کے علاوہ پتوں کی وریدوں کا رنگ زردی مائل ہو جاتا ہے۔ اس کی کمی کو 10 کلوگرام فی ایکڑ کے حساب سے میگنیشیم سلفیٹ دینے سے پورا کیا جا سکتا ہے۔ میگنیشیم کی کمی ریتلی زمین میں کاشتہ فصل کپاس پر نمایاں ہوتی ہے۔

5۔ **زنک:** اس کی کمی کی سب سے بڑی علامت پتوں کا زردی مائل رنگت اختیار کرنا ہے۔ پتے موٹے اور بھر بھرے ہو جاتے ہیں اور ان کے کنارے اوپر کی طرف مڑ جاتے ہیں۔ پودا جھاڑی دار ہوتا ہے پھل اور پھول دیر سے نکلتے ہیں۔ اس کی کمی کو دو پونڈ فی ایکڑ کے حساب سے زنک سلفیٹ دینے سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

6۔ **بورون:** بورون کی کمی سے کپاس کے پودے کی کونپل سوکھ جاتی ہے۔ سوکھی ہوئی کونپل سے کئی شاخیں پھوٹ آتی ہیں۔ نئے پتوں کی رنگت زردی مائل ہو جاتی ہے۔ ڈوڈیوں میں سبز مادہ کم ہو جاتا ہے۔ پھول اور چھوٹے ٹینڈے گر جاتے ہیں۔ اس کی کمی کو بوریکس بحساب 0.5 پونڈ فی ایکڑ دینے سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

7۔ **سلفر:** اس کی کمی سے سارے پتے ہلکے سبز رنگ کے دکھائی دیتے ہیں۔ پودے قد میں چھوٹے رہ جاتے ہیں۔ گندھک کی کمی نائٹروجن کی طرح ظاہر ہوتی ہے لیکن گندھک کی کمی کی صورت میں پتوں کی کونپلیں مقابلتاً زیادہ سبز ہوتی ہیں۔ اس کی کمی ایمونیم سلفیٹ دینے سے پوری ہو جاتی ہے۔

8۔ **مینگنیز:** اگر پتوں کی نسوں کے درمیانی حصوں کے خلیوں کا رنگ زرد بھورا یا سرخ بھورا ہو جائے تو سمجھنا چاہئے کہ مینگنیز کی کمی ہو گئی ہے۔ پودے قد میں چھوٹے رہ جاتے ہیں اور انہیں پھل نہیں لگتا۔ اس کی کمی کو دو پونڈ مینگنیز فی ایکڑ مینگنیز سلفیٹ کی شکل میں دینے سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

9۔ **کیلشیم:** اس کی کمی کی وجہ سے نئے آنے والے پتے چھوٹے اور بدنما بنتے ہیں۔ پودوں کی جڑوں کی درست نمو نہیں ہو پاتی۔ پھل درست طور پر نہیں بن پاتا۔

10۔ **آئرن:** آئرن کی کمی کی وجہ سے نئے پتے ہلکے پیلے رنگ کے ہو جاتے ہیں۔ جیسے جیسے اس کی شدید کمی واقع ہوتی ہے تو رگوں کے اندرونی حصہ میں پیلا پن ظاہر ہو جاتا ہے۔ پتے کی رگیں سبز رہتی ہیں۔ اس کی کمی کو فیرس سلفیٹ سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

11۔ **کاپر:** کاپر کی کمی کے شکار پودوں میں نئے پتوں کی نوکوں میں پیلا ہٹ اور ہرا پن ہو جاتا ہے۔ اس کی کمی کو کاپر سلفیٹ سے پورا کیا جا سکتا ہے۔

12۔ **مولبڈینم:** اس کی کمی کی وجہ سے پودوں کی بافتوں میں نائٹریٹس اکٹھے ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے پھل اور پھول کا درست تناسب نہیں رہتا۔ اس کی کمی کی علامات نائٹروجن سے ملتی جلتی ہیں۔

کپاس کے پیداواری مسائل اور ممکنہ حل کے لئے تجاویز

ساجد محمود، سربراہ شعبہ،ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی،سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان

گذشتہ کئی سالوں سے کپاس کی فصل پر نقصان دہ کیڑوں اور پتہ مروڑ وائرس کے حملے کی وجہ سے کاشتکار غیر یقینی صورت حال سے دوچار ہے۔اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھائی جائے۔علاوہ ازیں شدید موسمی حالات اور پانی کی کمی کی وجہ سے کپاس کی فی ایکڑ پیداوار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔جس کی وجہ سے فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو رہا ہے۔گزشتہ سال 2018ء میں پاکستان میں کپاس تقریباً 2.9 ملین ہیکٹر رقبہ پر کاشت کی گئی اور پیداواری حدف تقریباً دس ملین یعنی ایک کروڑ گانٹھیں مقرر کیا گیا جبکہ آج ملک میں ٹیکسٹائل انڈسٹری کی کھپت کا تخمینہ تقریباً 15 ملین گانٹھ سے زائد ہے۔اور یوں ہمیں اپنی ٹیکسٹائل کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کپاس درآمد کرنا پڑتی ہے اور ایک لاکھ گانٹھ منگوانے کا مطلب تقریبا سوا چار ارب روپوں کی ادائیگی ہے ہمیں اپنی ملکی ٹیکسٹائل ملوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کثیر سرمایہ کپاس کی درآمدات پر صرف کرنا پڑتا ہے اور اس سے ملکی خزانے پر ایک بھاری بوجھ پڑتا ہے پاکستان میں کپاس کی پیداوار بڑھانے اور کپاس کو درپیش مسائل کے حل کے لیے حکومت پاکستان کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے ہوں گے ورنہ مستقبل میں پاکستانی معشیت مزید زبوں حالی کا شکار ہونے سے مسائل میں اضافہ ہوگا۔اس وقت پاکستان میں جو کپاس کی کم پیداوار کی وجوہات ہیں ان کے ممکنہ حل کے لیے ہم سب کو مل کر اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، یوں تو کپاس کی پیداوار میں کمی کی بہت سی وجوہات ہیں لیکن فیلڈ سروے اور سوشل میڈیا پر جب اس سروے کیا گیا تو کپاس کے زرعی ماہرین، ترقی پسند کاشتکار، اسٹیک ہولڈرز اور کپاس سے متعلقہ دیگر حضرات کی طرف سے پاکستان میں کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں کمی کی درج ذیل وجوہات سامنے آئیں:

1۔ **ناقص بیج:** ناقص بیج کا مطلب ہے بیج کا اگاؤ صحیح نہ ہو یا خالص پن نہ ہو حکومت کو چاہیئے کہ وہ کپاس کے کاشتکاروں کو خالص، صحتمند اور زیادہ پیداوار کے حامل بیجوں کی دستیابی کو مناسب قیمت کے ساتھ ممکن بنائے اور غیر معیاری اور غیر منظور شدہ کپاس کی اقسام پر فوری پابندی لگائے

2۔ **ناقص زرعی زہریں:** پیسٹی سائیڈز کمپنیز کا چیک اینڈ بیلینس بہت ضروری ہے زہروں کا معیار جانچنے کے لئے طریقہ کار میں بہتری لائی جائے اور جو زہریں کپاس کے مختلف نقصان دہ کیڑوں بالخصوص سفید مکھی پر بے اثر ثابت ہو چکی ہیں ان زہروں کی درآمد پر فوری پابندی کے ساتھ ساتھ ایسی کمپنیوں کو بلیک لسٹ یا پھر بھاری جرمانہ عائد کیا جائے تاکہ غریب کسانوں کی جیب کو مزید کٹنے سے بچایا جا سکے۔

3۔ **فصل کی ناقص دیکھ بھال:** وفاقی وصوبائی محکمہ زراعت افسران کو چاہیئے کہ وہ کسانوں کو جدید طریقہ کاشت سے آگاہی فراہم کریں اور بجائی سے لیکر اس کی چنائی و ذخیرہ تک تمام مراحل کے متعلق کپاس کے کاشتکاروں کو عملی رہنمائی و تربیت فراہم کریں۔ کپاس کے زرعی ماہرین کپاس کے کاشتکاروں کو کپاس کی بہتر مینجمنٹ کے فوائد سے آگاہ کریں

وفاقی وصوبائی زرعی ماہرین بلا تاخیر تحصیل کی سطح پر آف سیزن مینجمنٹ پروگراموں کے انعقاد سے اپنی خدمات کی فراہمی کا سلسلہ شروع کریں اور اس کے لئے فارمرز فیلڈ اسکولز کو فعال بنانے کی اشد ضرورت ہے

4۔ زرعی مداخل کی قیمتوں میں اضافہ: اس وقت پاکستان میں کپاس کی فی ایکڑ پیداواری لاگت میں گزشتہ سالوں کی نسبت کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے بجلی وڈیزل، کھاد، پانی،، بیج، پیسٹی سائیڈز کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے پیداواری لاگت کافی بڑھ چکی ہے جس کی وجہ سے کاشکاروں کا کہنا ہے کہ کپاس اب منافع بخش فصل نہیں رہی۔ اسی لئے کپاس کی پیداوار میں اضافہ کے لئے ہمیں کپاس کی فی ایکڑ پیداواری لاگت میں کمی لانا ہوگی

5۔ موسمیاتی تبدیلیاں: پاکستانی زراعت کو موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث سنگین خطرات لاحق ہو چکے ہیں بدلتے موسمی حالات نے دیگر فصلات کی طرح کپاس کی فصل پر بھی برے اثرات مرتب کئے ہیں، بے موسمی بارشوں سے کپاس کی فصل متاثر ہوتی ہے، اسی طرح درجہ حرارت میں اچانک سے اضافہ یا کمی ہونے سے بھی کپاس کی پیداوار میں کمی آتی ہے ناموافق موسمی حالات کی وجہ سے کسانوں کے مالی حالات بہت خراب ہوتے جارہے ہیں۔ ممکن ہے اب کسانوں کو اپنی فصلوں کا شیڈول بدلنا پڑے تاکہ موسم ان پر کم سے کم اثرانداز ہو۔

6۔ پانی کی کمی: پانی کی کمی اس وقت پاکستان کا ایک اہم ترین مسئلہ بن چکا ہے اس مسئلے کے حل کے لئے حکومت کو چاہیئے کہ وہ فی الفور چھوٹے چھوٹے پانی کے ڈیم بنائے اور مستقبل کی لانگ ٹرم پالیسی میں بڑے ڈیموں کی تعمیر کے لئے غیر معمولی اقدامات کئے جائیں اس وقت دیامیرو بھاشا ڈیم کی تعمیر کے لیے ملک میں ایک آگاہی سلسلہ شروع کیا گیا ہے جو کہ بہت خوش آئند بات ہے اگر ہم نے فوری طور پر پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے توجہ نہ دی تو پاکستان میں خشک سالی وقحط سالی اب زیادہ دور نہیں اسی لئے حکومت زراعت کی بہتری اور لوگوں کو زرعی پانی کی دستیابی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر زیادہ سے زیادہ وسائل بروئے کار لائے۔

7۔ آف سیزن مینجمنٹ پروگرامز کا انعقاد: گلابی سنڈی کے کنٹرول اور کپاس کی آئندہ فصل کو اس کے ممکنہ حملے اور نقصانات سے بچانے کے لیے وفاقی وصوبائی محکمہ زراعت کے افسران باہمی تعاون سے مشترکہ آف سیزن مینجمنٹ پروگرامز ترتیب دیں تاکہ کپاس کے کاشتکاروں کو آف سیزن میں بہتر طور پر عملی تربیت کی فراہمی سے کپاس کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن بنایا جاسکے

8۔ سیڈ مافیا: پبلک و پراوئیٹ سیکٹر سے تعلق رکھنے والے اکثر کاٹن بریڈرز حضرات اس میں بالواسطہ یا بلاواسطہ ملوث ہیں کاٹن بریڈرز اپنے بزنس پارٹنرز کے ذریعے کپاس کی وہ اقسام جو ابھی تجرباتی مراحل سے گزر رہی ہوتی ہیں انہیں متعلقہ محکمہ سے منظور ہونے سے پہلے ہی فروخت کرکے لاکھوں روپے کماتے ہیں سیڈ مافیا میں ملوث عناصر صرف اپنی جیب کا سوچتے ہیں ملک وقوم کا نہیں ایسے عناصر کے خلاف حکومت کو فی الفور کارروائی کرنا چاہئے اور اس دھندے میں ملوث عناصر کو کڑی سے کڑی سزا دینی چاہیے۔

9۔ کراپ زوننگ: حکومت کو چاہیئے کہ وہ کراپ زوننگ پر سختی سے عمل درآمد کرائے کپاس کے کاشتہ علاقہ جات میں گنا یا دیگر فصلات کاشت نہ کی

جائیں اور اگر کوئی اس کی خلاف ورزی کرتا ہے تو ذمہ داروں کے خلاف بلاتفریق کاروائی عمل میں لائی جائے اور حکومت کو چاہیئے کہ مقامی ڈی سی او کے ذریعے قانون پر عمل درآمد یقینی بنائے اور کراپ زوننگ کی خلاف ورزی کی صورت میں ڈی سی او کو جواب دہ ہونا چاہیئے

10۔ کپاس کی اقسام کا انتخاب: کپاس کے کاشتکاروں کو چاہیئے کہ وہ اپنے علاقہ کی آب وہوا اور مقامی موسمی حالات اور محکمانہ سفارشات کو سامنے رکھ کر کپاس کی اقسام کا انتخاب کرے اور اسی کے مطابق کپاس کی کاشت کو یقینی بنائے۔

11۔ محکمہ زراعت توسیع کی سرگرمیاں: محکمہ زراعت توسیع کے عملہ کو چاہیئے کہ وہ کپاس کے کاشتکاروں کی رہنمائی و تربیت کے لئے آف سیزن اور سیزن کے دوران کاشتکاروں سے مکمل رابطہ میں رہے اور ان سے دوستانہ انداز میں تعاون جاری رکھے اور کاشتکاروں کو مرحلہ وار جو جو مسائل پیش آئین ان مسائل کے حل کے لئے مثبت تجاویز پیش کر کے خوشحال کسان اور کپاس کی پیداوار بڑھانے میں اپنا اہم کردار ادا کرے، حکومت کو چاہیے جو افسران سستی و کاہلی دکھائیں تو ایسے افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے۔

12۔ امدادی قیمت کا تعین: کپاس کی پیداوار میں کمی کی ایک بڑی وجہ کپاس کی امدادی قیمت کا تعین نہ ہونا بھی ہے ، دیگر فصلات کی طرح حکومت کو چاہیئے کہ وہ کپاس کی امدادی قیمت مقرر کرنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دے اور اس کمیٹی میں صوبائی و وفاقی محکموں کے افسران، اسٹیک ہولڈر، ترقی پسند کاشکار، اور کاشتکاروں کی تنظیم کے مرکزی نمائندوں کو شامل کرے اور ایسی پالیسی بنائے جو کپاس کے کاشتکاروں اور ملکی معیشت کی بہتری کے لئے مثبت تجاویز مرتب کرے اور پھر اس پر عمل دار آمد کو یقینی بنایا جائے۔

13۔ مارکیٹنگ سسٹم: کپاس کے کاشتکاروں کے مسائل میں ایک مسئلہ مارکیٹنگ سسٹم کا نہ ہونا بھی ہے، کپاس کے کاشتکار سارا سیزن خوب محنت کرتے ہیں مگر آخر میں جب کپاس کی فروخت کا وقت آتا ہے تو پھر بیوپاری، مڈل مین اور جنرز کے ہتھے چڑھ کر نقصان اٹھاتا ہے کبھی تول میں کٹوتی اور کبھی کم قیمت پھٹی پر اسے آخر میں خسارہ ہی نصیب ہوتا ہے اور ایسے کسان جو کپاس کی صاف چنائی پر توجہ دیتے ہیں تو انہیں اس محنت پر بھی کوئی اضافی صلہ نہیں دیا جاتا ، خراب وصاف کپاس کی ایک جیسی قیمت ہی ملتی ہے، حکومت کو چاہیئے کہ وہ کپاس کے مارکیٹنگ سسٹم کو بہتر بنائے اور مارکیٹ کمیٹی میں ایسے بندے مقرر کرے جو کپاس کے کاشکاروں کو استحصال سے بچائیں اور ان کو جائز طریقہ سے فائدہ پہنچانے میں معاون ثابت ہوں۔

پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی (پی سی سی) کی زرعی تحقیقاتی کمیٹی کا سالانہ تین روزہ اجلاس

ساجد محمود، سربراہ شعبہ ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی

پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی (پی سی سی) کی زرعی تحقیقاتی کمیٹی کا سالانہ تین روزہ اجلاس 8 اپریل تا 10 اپریل 2019 سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان میں منعقد ہوا۔ پہلے اور تیسرے روز اجلاس کی صدارت ڈاکٹر خالد عبداللہ وائس پریزیڈنٹ پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی و کاٹن کمشنر وزارت نیشنل فوڈ، اسلام آباد نے کی جبکہ دوسرے روز اجلاس کی صدارت ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ملتان نے کی۔

اجلاس کے پہلے روز پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی (پی سی سی) کے ذیلی تحقیقاتی اداروں سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، ملتان، سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سکرنڈ، کاٹن ریسرچ سٹیشن، بہاولپور، ساہیوال، گھوٹکی، میر پور خاص (سندھ) لسبیلہ وسبی (بلوچستان) اور ڈیرہ اسماعیل خان (خیبر پختون خواہ) کے زرعی سائنس دانوں نے کپاس کی فصل 19-2018 پر کی گئی تحقیقات کے نتائج پیش کئے اس موقع پر ڈاکٹر خالد عبداللہ نے زرعی سائنسدانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے زرعی سائنس دانوں کو چاہئے کہ تحقیقی پروگرام بناتے وقت کاشتکاروں کے مسائل اور وسائل کو بھی مدِ نظر رکھا کریں کیونکہ تحقیقی پروگرام کا بنیادی مقصد کاشت کار کی معاشی حالت کو بہتر کرنا ہے اس کے علاوہ زمین کی زرخیزی کو بہتر بنانے پر بھی تحقیق کو مرکوز رکھیں اور کاشتکاروں میں شعور پیدا کریں کہ وہ کھادوں کے استعمال سے پہلے اپنی زمین کا تجزیہ ضرور کرائیں اور رپورٹ کی روشنی میں کھادوں کا متوازن استعمال عمل میں لائیں، اس سے وہ کم اخراجات سے اچھی پیداوار لے سکتے ہیں۔ ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان نے ادارہ ہذا کی کارکردگی بارے تفصیل سے اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا، انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ سی سی آر آئی کپاس کے میدان میں ایسی ٹیکنالوجی پر کام کر رہا ہے جس سے اقسام کی خصوصیات سالہا سال برقرار رہ سکیں اس کے علاوہ ادارہ ہذا نے وائرس کے خلاف قوت مدافعت والی کپاس کی اقسام تیار کرنے میں کامیابی حاصل کر لی ہیں۔

ڈاکٹر تصور حسین ملک، ڈائریکٹر ریسرچ پی سی سی ملتان نے زرعی سائنسدانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت کپاس کے زرعی سائنسدانوں کا سب سے بڑا مسئلہ غیر یقینی اور بدلتے موسمی حالات ہیں اور ماہرین کو چاہیئے جو بیماریاں اور کیڑے اس وقت کپاس کی فصل کیلئے نقصان دہ ہیں ان پر گہری نظر رکھیں اور ان کا مستقل علاج دریافت کریں۔

اجلاس کے دوسرے روز زرعی سائنس دانوں نے کپاس کی فصل پر تحقیقات کے نتائج پیش کئے اور ان پر بحث مباحثہ کیا۔ نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے کپاس کی آئندہ فصل 20-2019 کے لئے متفقہ لائحہ عمل اختیار کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر سی سی آر آئی ملتان ڈاکٹر زاہد محمود نے کہا کہ سی سی آر آئی روائتی طریقہ کار کی بجائے جدید خطوط پر کپاس کی پیداواری ٹیکنالوجی پر کام کر رہا ہے انہوں نے اپنے خطاب میں اجلاس کے شرکاء کو ادارہ ہذاہ کے آئیندہ سال کے کپاس کے تحقیقی پروگرام بارے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان

روائتی طریقہ کار کی بجائے جدید خطوط پر کپاس کی پیداواری ٹیکنالوجی پر کام کررہا ہے اور مستقبل کے درپیش چیلینجز کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی تحقیقاتی سرگرمیوں کا رخ متعین کرے گا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کاشتکاروں کو ہدایت کی کہ وہ فصل کاشت کرنے سے پہلے ان سفارشات کو مدنظر رکھیں تا کہ وہ کم سے کم خرچ سے اچھی پیداوار لے سکیں۔ کاشت کے لئے استعمال ہونے والی مشینری اچھی حالت میں ہونی چاہئے۔ کھالے جڑی بوٹیوں اور ہر قسم کی رکاوٹ سے پاک ہونے چاہئیں، کپاس پٹڑیوں پر کاشت کرنی چاہئے تا کہ بارش کی صورت میں نقصان نہ ہو۔ کاشتکاروں کو زرعی اداروں کی سفارش کردہ اقسام مقررہ وقت پر کرنی چاہئے۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی ہونی چاہئے تا کہ خوراک صرف پودوں کے کام آئے۔ کھیتوں سے بیمار اور کمزور پودے نکال دینے چاہئیں۔ کپاس کے کھیتوں میں پودوں کی تعداد 23,000 ہونی چاہئے جس سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ کھادوں کے استعمال سے پہلے اپنی زمینوں کا تجزیہ کرانا چاہئے اور سفارشات کے مطابق کھادوں کا استعمال کرنا چاہئے۔ اپنی فصل کو نقصان دہ کیڑوں سے بچانے کے لئے ہفتے میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کرنی چاہئے۔ کپاس کے کیڑوں کے نقصان کی معاشی حد کو جانچنے کے لئے مزید تحقیق جاری ہے۔ کپاس کی چنائی ہمیشہ ایسے وقت کرنی چاہئے جب شبنم خشک ہو چکی ہو۔ چنائی پودے کے نچلے حصے سے شروع کر کے اوپر والے حصے پر ختم کرنی چاہئے۔ وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی نے کلین کاٹن کی پیداوار کے لئے منظم مہم شروع کی ہے۔ لہٰذا کپاس کی فصل کی بہتر قیمت حاصل کرنے کیلئے کاشتکار آلودگی سے پاک کپاس مارکیٹ میں لائیں۔ چنائی کے دوران کپاس میں شاپر بیگز، ٹافیوں کے کور جیسی اشیاء شامل نہیں ہونی چاہئیے۔

ڈاکٹر تصور حسین ملک، ڈائریکٹر ریسرچ پی سی سی سی نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے دو سالوں سے گلابی سنڈی کیڑا خطرناک صورت حال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ سائنسدانوں کی اس کیڑے پر ہونی والی تحقیق تسلی بخش ہے لیکن اس کا صحیح فائدہ اس وقت ممکن ہوگا جب کاشتکار کو گلابی سنڈی کنٹرول کرنیکے مربوط طریقہ سے آگاہ کیا جائے گا، لہٰذا اس کیڑے کو کنٹرول کرنے کے طریقے ڈھونڈ کر کاشتکاروں تک پہنچائیں تا کہ آئندہ فصل کو اس موذی کیڑے کے نقصانات سے بچایا جا سکے۔ ہدایت اللہ بھٹو، ڈائریکٹر سی سی آر آئی سکرنڈ نے کہا کہ زرعی سائنس دانوں کی سفارشات پر عمل کر کے کاشتکار اپنی فصلوں کی پیداوار بڑھا سکتے ہیں اور کاشتکاروں کو چاہیئے کہ وہ اپنا رابطہ زرعی سائنسدانوں سے ضرور رکھیں تا کہ کپاس کی پیداواری ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جا سکے۔

اجلاس کے تیسرے روز پبلک و پرائیویٹ سیکٹر کے نمائندگان نے نیشنل کوآرڈینیٹڈ ورائٹل ٹرائل NCVT میں اپنی اپنی کپاس کی تیار کردہ اقسام کو ٹیسٹنگ کے لئے پیش کیا گیا۔ پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی کے نیشنل کوارڈینیٹڈ ویرائٹل ٹرائل (NCVT) میں پبلک سیکٹر اور پرائیویٹ سیکٹر سید کمپنیز کی کپاس کی 93 نئی اقسام جن میں 85 اقسام بی ٹی (پبلک سیکٹر 41 اور 44 پرائیوٹ سیکٹر) اور 8 نان بی ٹی اقسام شامل کی گئیں اور ان کی پیداواری صلاحیت اور ریشہ کی خصوصیات کے حوالہ سے جانچنے کے لیے ملک کے چاروں صوبوں کے مختلف علاقوں میں کاشت کی جائے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹر خالد عبداللہ، کاٹن کمشنر و نائب صدر پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ملکی سطح پر بائیوٹیکنالوجی سمیت سائنسی بنیاد پر زرعی طور طریقے اپنانے اور ملک میں بیج کی صنعت کو ترقی دینے کے لیے مکمل پرعزم ہے

ہمارے زرعی سائنسدانوں کو چاہیئے کہ وہ کپاس کی فصل کو منافع بخش بنانے اور اس کی پیداوار میں اضافہ اور فصل کو کیڑوں مکوڑوں، بیماریوں کے سدباب کے لیے بائیوٹیکنالوجی کو کپاس کی تحقیق وترقی کے لیے استعمال کریں اجلاس کے تینوں روز اجلاس میں سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، ملتان کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر زاہد محمود، کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، سکرنڈ کے ڈائریکٹر، ہدایت اللہ بھٹو، ڈائریکٹر ریسرچ (پی سی سی سی) ڈاکٹر تصور حسین ملک، سابقہ وائس پریذیڈنٹ پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی احمد ارشد، مختلف یونیورسٹیز کے پروفیسرز کے علاوہ چاروں صوبوں کے زرعی تحقیقی مراکز کے زرعی افسران اور ممبر کاشت کاروں نے شرکت کی۔ جبکہ تیسرے روز اجلاس میں ڈاکٹر منظور حسین منج انچارج کاٹن پروگرام NIAB، پروفیسر ڈاکٹر ادریس احمد CEMB، لاہور، ڈاکٹر اقبال بندیشہ ہیڈ پلانٹ بریڈنگ اینڈ جینیٹکس اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، ڈاکٹر سید بلال حسین اسسٹنٹ پروفیسر، انسٹیٹیوٹ آف مالیکیولر اینڈ بائیوٹیکنالوجی بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان کے علاوہ چاروں صوبوں کے زرعی تحقیقی مراکز کے زرعی سائنسدانوں، ترقی پسند کاشکاروں اور پرائیویٹ سیکٹرز کے نمائندوں نے اجلاس میں خاص طور پر شرکت کی۔